”دنیا میں ایسے رہو، جیسے ایک اجنبی یا راہ گیر ہو“

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے میرا کندھا پکڑ کر فرمایا : ”دنیا میں ایسے رہو، جیسے ایک اجنبی یا راہ گیر ہو“ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما فرمایا کرتے تھے: ”جب تم شام کرو تو صبح کا انتظار نہ کرو اور جب صبح کرو تو شام کا انتظار نہ کرو اپنی صحت وتندرستی کے زمانے میں بیماری کے لیے اور اپنی زندگی میں موت کے لیے تیاری کرلو“

[صحيح] [رواه البخاري]

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے ان کے کندھے کو پکڑا اور ان سے کہا : دنیا میں ایسے رہو، جیسے تم ایک اجنبی آدمی ہو، جو ایک ایسی جگہ پہنچ چکا ہو، جہاں نہ رہنے کا گھر ہو اور نہ دل بہلانے کے لیے آدمی نہ اہل و عیال ہوں اور نہ رشتہ داریاں کیوں کہ یہی چیزیں انسان کو اس کے پیدا کرنے والے سے مشغول رکھتی ہیں بلکہ اجنبی سے بھی دو قدم آگے بڑھ کر اپنے وطن کی تلاش میں نکلا ہوا راہ گیر بن جاؤ اجنبی شخص تو کبھی کبھی کسی اجنبی جگہ میں اقامت گزیں بھی ہو جاتا ہے، لیکن اپنے شہر کی جانب جاتا ہوا راہ گیر چلتا ہی رہتا ہے کہیں اقامت پزیر نہیں ہوتا اس کی نظر منزل پر رہتی ہے لہذا جس طرح ایک مسافر اتنی ہی چیزیں ساتھ لے جانا ضروری سمجھتا ہے، جو منزل تک پہنچا دیں، اسی طرح ایک مومن دنیا کے اتنے ہی اسباب جمع کرنا ضروری سمجھتا ہے، جو اسے منزل (جنت) تک پہنچا دیں چنانچہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اس نصیحت پر مکمل طور سے عمل کیا وہ کہا کرتے تھے : صبح آئے، تو شام کا انتظار مت کرو اور شام آئے تو صبح کا انتظار مت کرو خود کو قبر میں دفن لوگوں میں شمار کرو کیوں کہ انسان کی زندگی صحت اور مرض سے خالی نہیں ہوتی اس لیے بیماری کے دن آنے سے پہلے صحت کے دنوں میں نیکی کے کام کر لیا کرو صحت کے دنوں میں نیکی کے کام کرتے جاؤ کہیں بیماری راہ نہ روک لے دنیا کی زندگی کو غنیمت جانتے ہوئے ایسی چیزیں اکٹھی کرلو، جو موت کے بعد کام آئیں

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/4704